http://dailygawadarbusiness.com.pk

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

ABC Certified

جلد 22 | منگل 06 اکتوبر 2026ء | 23 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 86

بلدیاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے اور انتخابات کے انعقاد میں کسی قسم کا حیلہ بہانہ نہیں کیا جائیگا، وزیر اعلیٰ

حکومت آئندہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے مکمل طور پر تیار ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس، تمام محکموں کی کارکردگی کا جائزہ، اصلاحاتی اقدامات جاری رکھنے کا فیصلہ

بلدیاتی نظام کو مضبوط بناتے ہوئے عوام کو بہتر میونسپل سروسز کی فراہمی اور صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ، (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بلدیاتی نظام کو مضبوط بناتے ہوئے عوام کو بہتر میونسپل سروسز کی فراہمی اور صفائی کے نظام کو جدید (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سیکرٹریز (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

انسداد دہشت گردی عدالت کا عمران خان کو پیش کرنے کا حکم

فرح حبیب، حماد اظہر، مراد سعید اور شبلی فراز اشتہاری قرار، جائیدادوں کی تفصیلات طلب

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کو آئندہ سماعت پر پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل (آج) پاکستان پہنچیں گے، اہم ملاقاتیں شیڈول

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس اہم دورے پر (آج) منگل کی صبح پاکستان پہنچیں گے۔ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اسماعیل خان، فورسز کی کارروائی، مزید 3 خارجی دہشتگرد ہلاک

دہشت گردوں میں فتنہ الخوارج کے 3 اہم سرغنہ بھی شامل ہیں، سیکیورٹی ذرائع

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں مزید تین خارجی مارے گئے (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلدیاتی اداروں کو فراہم کردہ جدید مشینری کی فراہمی کے منصوبے کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعظم کی لائیو اسٹاک برآمدات بڑھانے کیلئے خصوصی فارم ہاؤسز کے قیام کی منظوری

لائیو اسٹاک شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے اس کی کارپوریٹ طرز پر تنظیم نو اور اس مقصد کیلئے شعبے میں نجی ماہرین کے تجربے سے استفادہ کرنے کی ہدایت

ملک سے منہ کھر کی بیماری کے خاتمے کیلئے مقررہ اہداف کے ساتھ لائحہ عمل آئندہ دو ہفتے میں مرتب کر کے پیش کرنے کی بھی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے لائیو اسٹاک شعبے کی برآمدات میں اضافے کیلئے درآمد شدہ مویشیوں کی خصوصی فارم ہاؤسز میں نشوونما کر کے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

جیٹ فیول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، فضائی ٹکٹ مزید مہنگے ہونے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) جیٹ فیول کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کی وجہ سے فضائی ٹکٹوں کی قیمتیں بڑھنے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جہازوں کے ایندھن جیٹ (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

لانگ مارچ لکی مروت سے کرک پہنچ گیا، سہیل آفریدی کی ہیلی کاپٹر سے انٹری

یہ جنگ صرف پشتونوں کی نہیں پورے پاکستان کی جنگ ہے، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف کا لانگ مارچ لکی مروت سے کرک پہنچ گیا، سہیل آفریدی کی زیر قیادت مارچ میں جنیدا کبر سمیت دیگر رہنما شریک ہوئے۔ بنوں اور کرک (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی ضلع کرک میں جیل چوک کے مقام پر لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے حکومت سے دوبارہ بات چیت کا عندیہ دیدیا حکومت چاہے تو علامہ راجا ناصر عباس اور محمود اچکزئی سے رابطہ کر سکتی ہے، سلمان اکرم راجا

خیبر پختونخوا کی صورتحال، وزیر اعظم کا صدر سے ملاقات کا فیصلہ

آئینی اور سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے لانگ مارچ پر مرقف اور صوبائی معاملات پر مشاورت ہوگی

مذاکرات دوبارہ کسی بھی وقت ہو سکتے ہیں اگر نیت ہو تو بات چیت کیلئے بہت سے طریقے ہیں، لانگ مارچ کے دوران بھی مذاکرات ممکن ہیں، سلمان اکرم راجا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے لانگ مارچ اور خیبر پختونخوا کی صورتحال پر وزیر اعظم شہباز شریف نے صدر آصف زرداری سے جلد دوبارہ ملاقات کا فیصلہ کیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں خیبر پختونخوا کی سیاسی، آئینی اور سیکیورٹی صورتحال (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ختم ہونے کے باوجود پی ٹی آئی نے دوبارہ بات چیت کا دروازہ کھلا رکھنے کا عندیہ دے دیا۔ نجی ٹی وی (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم سے پولینڈ کے وزیر کوآرڈینیٹر خدمات کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

وزیر اعظم کا علاقائی کشیدگی کے خاتمے اور تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور

پاکستان خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، شہباز شریف کی ملاقات میں بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے علاقائی کشیدگی کے خاتمے اور تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے ہمراہ سی پی این ای کے وفد کا گروپ فوٹو

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا آپشن زیر غور ہے، طارق فضل

ہماری ترجیح ریاست ہے، ہماری ترجیح دہشتگردی کا خاتمہ ہے، اپوزیشن کی ترجیح سیاست اور بانی پی ٹی آئی ہے

سیاسی جماعتوں کے درمیان بات چیت کا راستہ ہمیشہ کھلا رہتا ہے، مارچ کو اسلام آباد میں کسی صورت داخل نہیں ہونے دیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت ایمرجنسی کے نفاذ والے آپشن پر غور کر رہی ہے، مجھے نہیں لگتا مستقبل قریب میں دوبارہ مذاکرات ہو سکتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

سلمان اکرم نے محسن نقوی کا مذاکرات سبوتاژ کرنے کا الزام مسترد کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے وزیر داخلہ محسن نقوی کا مذاکرات سبوتاژ کرنے کا الزام مسترد کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق خصوصی گفتگو میں سلمان اکرم راجہ نے کہا (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

حکومت نے مذاکرات میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا، بیرسٹر گوہر

مذاکرات تو جنگوں میں بھی ہوتے ہیں، اگر حکومت واقعی مخلص ہے تو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرائے

سوات (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ حکومت نے مذاکرات میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا، پانچ نکات پر بات ہوئی لیکن (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

ریاض، نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سعودی عرب میں پاکستان کے سفیر اور اعلیٰ حکام سے ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردی کے مسئلے پر مذاکرات میں ناکامی ہوئی، ملاقات کے معاملے پر نہیں، عطا تارڑ

کے پی میں روز لاشیں گر رہی ہیں، کے پی حکومت دہشتگردی کیخلاف اونرشپ لے، کے پی کے عوام کہتے ہیں دہشتگردی کے خلاف لڑیں گے

پی ٹی آئی کو پاکستان سے زیادہ افغانستان عزیز ہے، یہ انسان کہلانے کے لائق نہیں، وفاقی وزیر اطلاعات کی نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے مسئلے پر مذاکرات میں ناکامی ہوئی، ملاقات کے معاملے پر مذاکرات ناکام نہیں ہوئے، پی ٹی آئی کو پاکستان سے زیادہ افغانستان عزیز ہے، یہ انسان کہلانے کے لائق نہیں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہوسکتا ہے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرا دی جاتی، ملاقات بہت چھوٹی چیز (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

مذاکرات کے تمام دروازے کھلے رکھے گئے، بیرسٹر دانیال چوہدری

حکومت سیاسی اختلافات کو جمہوری انداز میں بات چیت اور مفاہمت کے ذریعے حل کرنے پر یقین رکھتی ہے

پی ٹی آئی نے جان بوجھ کر مذاکراتی عمل کو سبوتاژ کیا، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت مفاہمت کی پالیسی پر یقین رکھتی ہے اور سیاسی (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل پاک ایران مشترکہ ایوان صنعت وتجارت کے سالانہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردی کیخلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟ خواجہ آصف کا وزیر اعلیٰ کے پی کے سے سوالنامہ جاری

آپ نے آج تک کتنی مرتبہ افغان رجیم کا نام لیکر سرحدی خلاف ورزیوں پر احتجاج یا مذمت کی؟ وزیر دفاع کے سہیل آفریدی سے 8 سوال

پی ٹی آئی قیادت کارکنوں کو آگے کر کے خود بلٹ پروف گاڑیوں میں چھپ گئی، کارکنوں کو سڑکوں پر لا کر خود کو محفوظ گاڑیوں میں چھپالینا دلیری نہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان تحریک انصاف سے 8 سوالات کے جواب مانگ لئے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ آج تحریک انصاف کی یہ دلیل مسلسل سننے کو ملی کہ ہمیں دہشت گردی کے خلاف پالیسی بنانے (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے پاکستان تحریک انصاف کی قیادت اور احتجاج کی حکمت عملی کو شدید تنقید کا (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

ایم ٹی آر 25 کے پاکستانی عملے کے باقی 3 ارکان کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ صومالیہ کے ساحل کے قریب ہائی جیک ہونے والے ایم ٹی آر 25 کے پاکستانی عملے کے (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

اہل غزہ سے اظہار یکجہتی کے لیے (کل) ''غزہ مارچ'' ہوں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

حکومت، اپوزیشن اور خصوصاً پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات ہی بہترین راستہ، گورنر راج یا ایمرجنسی کسی صورت قابل قبول نہیں

ہم اسلام آباد مارچ کے لیے اپنے حق سے دستبردار نہیں ہونگے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے اعلان کیا ہے کہ جماعت اسلامی اہل غزہ و فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے ملک بھر میں کل (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وزیر اعظم شہباز شریف سے جمہوریہ پولینڈ کے وزیر کن کابینہ اور خصوصی خدمات کے کوآرڈینیٹر ملاقات کر رہے ہیں

سرکاری قرضوں میں 10 سال کے دوران 340 فیصد اضافہ

جون 2026 تک مجموعی حجم 86 ہزار 700 ارب روپے ہوگیا، 10 سال میں 67 ہزار ارب روپے کا اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سرکاری قرضوں میں 10 سال کے دوران 340 فیصد کا تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جون 2016 سے جون 2026 تک سرکاری (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

مشرق وسطی سے خام تیل کی برآمدات ایران جنگ سے پہلے کی سطح سے تجاوز کر گئیں

واشنگٹن (این این آئی) شپ ٹریکنگ فرم کپلر نے دعوی کیا ہے کہ ستمبر کے آخری ہفتے کے 7 دنوں میں سے 4 دن مشرق وسطی (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ناکام ہو چکا تو اسے تھر پارکر کے حوالے کر دیں، بلاول بھٹو

تھر جیسی تبدیلی پورے پاکستان میں نظر نہیں آتی، تھر کے بچوں کو ملک کے بہترین تعلیمی اداروں میں مواقع ملنے چاہئیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

ایم ڈی کیٹ کے نتائج میں تھر کے بچے نمایاں پوزیشن حاصل کرتے ہیں، تاہم انہیں مبارکباد دینے کے بجائے نفرت کی سیاست کی جاتی ہے، تقریب سے خطاب

مٹھی (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر اسلام آباد ناکام ہو چکا ہے تو اسے تھر پارکر کے حوالے کر دیں، ہم اسے ٹھیک کر دیں گے۔ تھر پارکر میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ تھر میں جو تبدیلی نظر آتی ہے وہ پورے پاکستان میں دکھائی نہیں دیتی، پورا پاکستان حیران ہے کہ تھر کہاں پہنچ گیا ہے، تاہم کچھ لوگوں (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

سلام کوٹ، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری تھر بلاک ٹو کے فیز 3 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آئی ایم ایف سے مذاکرات جاری، ڈیٹا سنٹر صافیوں کی سبسڈی ختم کرنے کی تجویز

وزارت خزانہ نے آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری، ایس او ایز کا منافع 457.20 ارب سے کم ہو کر 423.3 ارب روپے رہا

آئی ایم ایف کا بجلی شعبے میں ایک ہزار 675 ارب روپے کے گردشی قرضے پر بھی تحفظات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) قرض پروگرام کی ایک ارب ڈالر سے زائد کی اگلی قسط کیلئے پاکستان اور آئی ایم ایف کے وفد کے درمیان مذاکرات اہم موڑ پر پہنچ گئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق آئی ایم ایف مشن اور حکومتی ٹیم کے درمیان میمورنڈم آف فنانشل اینڈ اکنامک پالیسیز کے (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری کر دی، رواں مالی سال کے پہلے 6 ماہ کے دوران (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

سیاسی قیادت بیٹھے گی تو مسائل حل ہوں گے، راجا ناصر عباس

انہیں کہا گیا جو لکھا ہوا ہے بغیر کسی تبدیلی کے تسلیم کیا جائے تو ہی معاملات مانے جائیں گے

یہ نہیں ہوسکتا آپ ہماری گردن پر خنجر رکھ دیں اور کہیں یہ مانیں گے تو دوسرا بھی تسلیم ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن مذاکراتی ٹیم کے رکن سینیٹر علامہ راجا ناصر عباس نے کہا ہے کہ سیاسی قیادت بیٹھے گی تو مسائل حل ہوں گے، ورنہ چوہے بلی کا کھیل جاری رہے گا (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

صدر، وزیر اعظم اور تمام جماعتوں کو ملکر عمران خان کو باہر لانا چاہئے، ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس نے کہا ہے کہ صدر، وزیر اعظم اور تمام جماعتوں کو ملکر بانی کو باہر لانا چاہئے، پاکستان کی خاطر سب کو بانی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

صدر نے امن وامان کی صورتحال سے متعلق رپورٹ نہیں مانگی ہے، فیصل کریم

صدر پاکستان نے جیسے ہی رپورٹ مانگی تو تیار کر کے سفارشات سمیت بھیج دوں گا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صدر مملکت آصف زرداری نے تاحال صوبے میں امن وامان کی صورتحال سے متعلق رپورٹ نہیں مانگی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر محمد سلمان کو عہدے سے ہٹا دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر محمد سلمان کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ ذرائع وزارت صحت کے مطابق ڈاکٹر (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

پاکستان سے کشیدگی، مذاکرات اور سفارتکاری سے حل ہوسکتے ہیں، افغان وزیر خارجہ

افغانستان کسی بھی جارحیت کے خلاف اپنے دفاع کو اپنا جائز اور ناقابل تردید حق سمجھتا ہے

پاکستان افغانستان کیساتھ تعلقات میں سیاسی مفاہمت کے بجائے صرف فوجی زبان استعمال کر رہا ہے، امیر خان متقی

ماسکو (این این آئی) افغان طالبان کے وزیر خارجہ امیر خان متقی نے کہا ہے کہ افغانستان اور پاکستان کے درمیان تعلقات کو متاثر کرنے والے مسائل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے حل کیے جاسکتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی رائٹرز کے مطابق افغان وزیر خارجہ (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

یمنی فوج نے باب المندب کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کا دعویٰ کر دیا

ذوباب ایئرپورٹ بھی حکومتی فورسز کے قبضے میں، ذوباب اور الخا کے درمیان راستہ بھی کاٹ دیا گیا، حکام

صنعا (این این آئی) یمن میں حوثیوں کے خلاف سرکاری فورسز کی بڑی فوجی کارروائی شروع ہوگئی ہے، جسے فجر الیمن یا یمن ڈان آپریشن کا نام دیا گیا ہے۔ یمنی حکومت کی فورسز نے دعوی کیا ہے کہ انہوں نے تزویراتی اہمیت کے حامل علاقے ذوباب اور باب (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)



امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا کا اسرائیل میں مزید فوج اور طیارے تعینات کرنے کا فیصلہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا مشرق وسطی میں ممکنہ کشیدگی میں اضافے کے پیش نظر اسرائیل میں مزید فوج اور طیارے تعینات (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

امریکی ریاست جارجیا میں محلے کی تقریب میں فائرنگ، 2 افراد ہلاک، 35 زخمی

نیو یارک (این این آئی) امریکی ریاست جارجیا میں محلے کی ایک تقریب کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد ہلاک اور 35 زخمی ہوگئے

جنگ کے خاتمے کیلئے سفارتی کوششیں تعطل کا شکار، ایران کا دشمنوں کو سخت ردعمل کا انتباہ

جاری تنازع ختم کرنے کا واحد راستہ انصاف اور برابری کی بنیاد پر مذاکرات ہیں، عباس عراقچی

ہماری فوجی کارروائیوں کا مقصد ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے، امریکہ واسرائیل کا موقف

ایرانی وزیر پیٹرولیم محسن پاک نژاد مستعفی، ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے حمید بورد کو قائم مقام وزیر پیٹرولیم مقرر کر دیا گیا

امریکا نے ثالثوں کے ذریعے تجاویز کا جواب ایران تک پہنچا دیا، جائزہ لیا جا رہا ہے، نائب ایرانی وزیر خارجہ

تل ابیب/ واشنگٹن/ تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ جنگ کا خاتمہ فوجی کارروائی سے ممکن نہیں، تنازع کے سفارتی حل کی کوششیں تعطل کا شکار ہیں جبکہ آبنائے ہرمز کی صورتِ حال بھی برقرار ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق غیر ملکی سفیروں کے اجلاس سے خطاب میں انہوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر مخالفین نے دوبارہ فوجی محاذ آرائی کا راستہ اختیار کیا تو ایران پہلے سے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

ریاست مخالف پروپیگنڈے کے خلاف این سی سی آئی اے کے خصوصی یونٹس قائم

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے ریاست مخالف پروپیگنڈے اور جعلی خبروں کی روک تھام (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

امریکا سعودی عرب کو حوثیوں کیخلاف کارروائیوں کیلئے فوجی مدد فراہم کر رہا ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکام نے انکشاف کیا ہے کہ امریکا سعودی عرب کو حوثیوں کے خلاف کارروائیوں کیلئے فوجی (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

کراچی، سائٹ ایریا میں گارمنٹس فیکٹری میں لگی آگ سے دھوئیں کے بادل اٹھ رہے ہیں

بلوچستان، جامعات کے ملازمین کی تنخواہوں، پنشنز کیلئے 93 کروڑ روپے سے زائد جاری

یونیورسٹی آف بلوچستان کوئٹہ کے مین اور سب کیمپسز کے لیے 31 کروڑ 22 لاکھ 20 ہزار 805 روپے

رقم کا خرچ مالیاتی قواعد وضوابط اور تمام ضروری قانونی وضابطہ جاتی تقاضے مکمل کرنے کے بعد کیا جائے، محکمہ خزانہ

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے صوبے کی سرکاری جامعات اور ان کے سب کیمپسز کے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشنز کی ادائیگی کے لیے 93 کروڑ 6 لاکھ 31 ہزار (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

روسی فوجی اڈے پر یوکرینی ڈرون حملہ، 2 جنگی طیارے تباہ

کارروائی روسی سرزمین کے اندر تقریباً 500 کلومیٹر دور کی گئی، یوکرینی حکام

کیف (این این آئی) یوکرین کی سکیورٹی سروس کے مطابق، یوکرینی ڈرونز نے روس کے جنوبی علاقے اڈیگیا میں واقع خان سکا یا فوجی ایئر فیلڈ کو نشانہ بنایا۔ حملے میں ایک (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا استعمال، خارجی دہشتگرد سمیت مسلح افراد موجود

مسلح شخص کی شناخت خارجی گل بہادر گروپ کے اہلکار خارجی شہید اللہ عرف غازی کے طور پر کی گئی، انٹیلی جنس ذرائع کی تصدیق

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کے استعمال، مسلح عناصر کی موجودگی اور عدالتی فیصلے کی مبینہ خلاف ورزی کا معاملہ سامنے آگیا جس پر مختلف سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اسلام آباد (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

لاہور، گورنر پنجاب سلیم حیدر خان سے چیئرمین بی آئی ایس پی روبینہ خالد ملاقات کر رہی ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ریگولیٹری اصلاحات ناگزیر

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کاروباری سرگرمیوں میں آسانی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ریگولیٹری اصلاحات ناگزیر ہیں، حکومت کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنے اور غیر ضروری ضابطہ کاری کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ریگولیٹری اصلاحات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کاروبار میں آسانی، سرمایہ کاری کے فروغ اور ریگولیٹری نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور کاروبار دوست بنانے کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کاروباری سرگرمیو ں میں آسانی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ریگولیٹری اصلاحات ناگزیر ہیں، حکومت کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنے اور غیر ضروری ضابطہ کاری کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈرگ ریگولیٹری اتھا رٹی آف پاکستان میں اصلاحات کے ذریعے اسے جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے، اسی طرز پر دیگر ریگولیٹری اداروں میں بھی اصلاحات لائی جائیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ریگو لیٹری رجسٹری تشکیل دی جائے تا کہ ملک میں موجود تمام ریگو لیٹری تقاضوں اور قواعد وضوابط کو ایک جامع نظام کے تحت مرتب کیا جا سکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کاروبار میں آسانی کے لیے آسان کاروبار ایکٹ کو ملک بھر میں نافذ کیا جائے تا کہ تمام صوبوں میں ریگولیٹری نظام میں ہم آہنگی پیدا ہو اور کاروباری افراد کو یکساں سہولیات میسر آئیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ریگولیٹری اصلاحات کے اثرات اور افادیت کا جائزہ لینے کے لیے ان اصلاحات کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن بھی کرائی جائے تا کہ اصلاحات کے عملی نتائج کا غیر جانب دارانہ جائزہ لیا جا سکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کاروبار میں آسانی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔

تہنیتی و خراجِ تحسین

تحریر۔ عجب سائل (جنرل سیکرٹری، بزمِ جہاں آراء)

بزمِ جہاں آراء ادبی تنظیم کے زیرِ اہتمام نوجوان اور باصلاحیت شاعر غلام علی جون کے اعزاز میں منعقدہ خوبصورت، پروقار اور یادگار تقریب اور کامیاب مشاعرے کے انعقاد پر بزمِ جہاں آراء کی بانی وسرپرستِ ادبی سرگرمیاں، محترمہ جہاں آراء تبسّم صاحبہ

کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد اور خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

یہ شاندار تقریب نہ صرف ایک نوجوان شاعر کی حوصلہ افزائی کا خوبصورت ذریعہ بنی بلکہ ادب وسخن سے وابستہ اہلِ قلم کو ایک بامقصد اور خوشگوار ادبی نشست فراہم کرنے کا باعث بھی بنی۔ بزمِ جہاں آراء کی جانب سے ادب کی ترویج، شعری ذوق کی آبیاری اور اہلِ قلم کی پذیرائی کے لیے کی جانے والی کاوشیں یقیناً قابلِ قدر اور لائقِ تحسین ہیں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ محترمہ جہاں آراء تبسّم صاحبہ اسی جذب اخلاص، محبت اور ادبی خدمت کے ساتھ آئندہ بھی ایسی شاندار، بامقصد اور یادگار ادبی تقریبات کا سلسلہ جاری رکھیں گی، تا کہ نئی نسل کے شعراء اور اہلِ قلم کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ اردو ادب کی خدمت کا یہ خوبصورت سفر بھی مزید آگے بڑھتا رہے۔

اللہ تعالیٰ محترمہ جہاں آراء تبسّم صاحبہ کی تمام ادبی کاوشوں اور خدمات کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے، انہیں مزید عزت، وقار اور کامیابیو ں سے نوازے، اور بزمِ جہاں آراء کو ادب وسخن کی خدمت میں ہمیشہ اسی طرح سربلند رکھے۔

آمین یارب العالمین

بزمِ جہاں آراء کے زیرِ اہتمام غلام علی جون کے اعزاز میں شعری نشست اور ظہرانہ

شعراء و ادیبوں کی بھرپور شرکت

بزمِ جہاں آرا تبسم کی چیئر پرسن جہاں آرا تبسم کے دفتر میں معروف شاعر و ادیب غلام علی جون کے اعزاز میں ایک پروقار

رپورٹ۔ حنیف جمالی

ادبی مشاعرے اور ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔

ادبی نشست میں چیئر پرسن بزمِ جہاں آرا تبسم، فہمیدہ گل اور دیگر اہلِ قلم نے غلام علی جون کی ادبی خدمات، شاعری اور ادب کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔

اس موقع پر منعقدہ مشاعرے میں شعراء اور شاعرات نے شرکت کی اور خوبصورت کلام پیش کیا جس سے محفل میں خوبصورت ادبی رنگ کی خوشبو بکھری رہی شرکاء نے شاعری کے ذریعے محبت، انسانیت، معاشرتی اقدار اور ادب کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا۔

ادبی نشست نے اہلِ قلم کو ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھنے خیالات کے تبادلے اور ادب و شاعری کے فروغ کا موقع فراہم کیا۔

تقریب میں جہاں آرا تبسم، محمد حنیف جمالی، غلام علی جون، شوکت امان، فیض شیخ، فہمیدہ گل، رفیق شیخ، عجب سائل، ندیم شاکر، فائزہ شکیل اور سجاد حیدر سمیت دیگر شعراء و ادیبوں نے شرکت کی۔

شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ادب، شاعری اور مثبت فکری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ایسی ادبی نشستوں کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے کیونکہ ادبی محافل معاشرے میں مثبت سوچ، محبت، برداشت اور باہمی احترام کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

محترمہ جہاں آراء تبسم کی جانب سے محفل میں شریک تمام مہمانوں کے لیے ظہرانے کا اہتمام بھی کیا گیا تھا جبکہ شرکاء نے بزمِ جہاں آرا تبسم کی جانب سے خوبصورت ادبی محفل کے انعقاد کو بیحد سراہا گیا۔

انجمن آفاقِ قرطاس وقلم کے زیرِ اہتمام اس انجمن کے چیئرمین وبانی محترم زاہد آفاق کے دولت کدے پر ایک بہت ہی خوبصورت شعری نشست

ادبی ستاروں سے سجی یہ محفل محترم جناب سرور جاوید کے اعزاز میں منعقد کی گئی تھی ساتھ ہی انہیں محفل کی صدارت بھی سونپی گئی مہمان اعزاز اردو اور براہوئی کے مایہ ناز شاعر اور افسانہ نگار سرجن ڈاکٹر اعظم ہنگلوئی تھے اور مہمان 'اعزازی کے طور پر محترم جناب عارف ضیاء صاحب جلوہ افروز تھے نہایت کے فرائض مجھ ناچیز کے ذمہ تھے جبکہ میزبان، خصوصی کے فرائض انجم آفاق قرطاس وقلم کے بانی جناب زاہد آفاق صاحب نے نہایت شفقت ومحبت اور خلوص سے نبھائے

20 ستمبر 2026ء کی یہ ادبی شام کوئٹہ کی ادبی تاریخ میں ایک خوب صورت یاد کے طور پر محفوظ رہے گی۔

انجمن ''آفاقِ قرطاس وقلم'' کے چیئرمین و بانی زاہد آفاق صاحب بلاشبہ مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے شعروادب کی شمع کو روشن رکھنے اور اہلِ قلم کو ایک خوب صورت ادبی ماحول فراہم کرنے کی یہ روایت قائم رکھی۔

شاعروں کے علاوہ متعدد فنکاروں کی شرکت

نے اس تقریب میں چار چاند لگا دیئے

فنکار اور شعراء اور شاعرات جنہوں نے خوبصورت کلام سنا کر ڈھیروں داد وصول کی انکی ترتیب وتفصیل کچھ یوں رہی

تلاوت اور نعت کی سعادت صدام حسین بلوچ صاحب نے حاصل کی

بطور میزبان افتتاحی کلمات زاہد آفاق صا حب نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے ادا کئے جبکہ شعروادب اور صاحب شام پر صداقت بٹ، عنبرین خان اور اے ڈی بلوچ صاحب نے خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نہایت خوبصورت گفتگو کی

شعرائے اکرام

-01 جہاں آراء تبسم (نظامت کار)
-02 نرگس ندیم
-03 شوکت امان
-04 ظہور زیبی
-05 عجب سائل
-06 سلیم بلوچ
-07 عادل اچکزئی
-08 زاہد بلوچ
-09 احمد وقاص
-10 کامران قمر
-11 جہانگیر کاوش
-12 عظیم انجم ھانبھی
-13 شکور زاہد

-14 زاہد آفاق_ میزبان، خاص
-15 عارف ضیاء_ مہمان، اعزازی
-16 اعظم ہنگلوئی_ مہمان، خصوصی
-17 سرور جاوید_ صدر محفل

اللہ پاک دوستوں کی محفلیں قائم ودائم آباد رکھے آمین

اسطرح یہ تقریب انمٹ نقوش چھوڑتی ہوئی دلوں پر مہر ومحبت ثبت کرتی ہوئی پرتکلف عشائیے پر اختتام پذیر ہوئی۔

جہاں اراء تبسم

بہار میں یورپ

☆☆ایک سفرنامہ نظم☆☆

☆☆عجب سائل☆☆

بہار آئی تو یورپ کا چمن بول اٹھا،
ہر شجر، ہر گل وغنچہ سا دھن بول اٹھا۔
برف پوش پہاڑوں نے سنہرا اوڑھا،
صبح نے وادیِ خاموش کو آ کر جوڑا۔
سبز میدان پہ شبنم کے نگینے دیکھے،
پھول ہنستے ہوئے رنگین قرینے دیکھے۔
دور تک پھیلی ہوئی جھیل کا آئینہ تھا،
جس میں آسمان بھی جیسے کوئی خوابیدہ تھا۔
نیلگوں پانی پہ کشتی تھی روانی میں کہیں،
جیسے اک شعر بہا جا رہا ہو پانی میں کہیں۔
دریا آہستہ سے پتھروں کو چھوتا گزرا،
اپنی ہی دھن میں کوئی گیت سناتا گزرا۔
بادِ صبا پھول کی خوشبو لیے آتی تھی،
دل کے ویران دریچوں کو بھی مہکاتی تھی۔
کبھی جنگل کی گھنی چھاؤں میں رستہ دیکھا،
کبھی سورج کو درختوں سے گزرتا دیکھا۔
شہر کے بیچ پرانی سی عمارت دیکھی،
وقت کے ہاتھ پہ ٹھہری ہوئی ساعت دیکھی۔
سنگِ دیوار پہ صدیوں کے نشاں بولتے تھے،
خامشی میں بھی کئی قصے وہاں بولتے تھے۔
قدیم گلیوں میں تاریخ قدم رکھتی تھی،
ہر دریچے سے کوئی یاد جھلک دکھتی تھی۔
کہیں گھنٹی کی صدا وقت جگاتی تھی مجھے،
کہیں گلیوں کی خموشی بھی سناتی تھی مجھے۔
کافی کی خوشبو، مسافر کی تھکن، شام کا رنگ،
زندگی لگتی تھی اک خوب صورت سا ترنگ۔
راہ میں لوگ ملے، لوگ جدا ہوتے گئے،
اجنبی تھے مگر احساس میں اپنے ہوتے گئے۔
ریل کی کھڑکی سے جب شہر گزرنے لگے،
خواب آنکھوں میں نئے رنگ بکھرنے لگے۔
کبھی یورپ کی سڑک، کبھی پہاڑوں کا سفر،
کبھی بادل کا بسیرا، کبھی بارش کی پھوار۔
ہر قدم پر کوئی منظر نیا ملتا رہا،
دل مسافر تھا، سو دل کو مزا ملتا رہا۔
یہ فقط ملک نہیں، حسن کا اک باب لگا،
ہر نیا موڑ مجھے قدرت کا اک خواب لگا۔
میں نے دیکھا کہ سفر صرف مسافت تو نہیں،
یہ تو انسان کے اندر بھی نئی دنیا ہے کہیں۔
کچھ نظارے تھے جو آنکھوں میں اترتے ہی گئے،
کچھ مناظر تھے جو دل سے نہ اترتے ہی گئے۔
اے بہارِ یورپ! تجھ کو بھلا کیسے بھولیں،
تیری خوشبو کو بھلا دل سے کہاں تک نکالیں۔
تو نے آنکھوں کو نئے خواب عطا کر ڈالے،
تو نے احساس کے سو رنگ دکھا کر ڈالے۔
اب بھی یادوں میں وہی جھیل، وہی شام، وہی راہ،
وہی خوشبو، وہی منظر، وہی ٹھنڈی سی ہوا۔
عجب سائل یہ سفر دل میں سدا زندہ رہے،
یورپ کی یہ بہار آنکھ میں تابندہ رہے۔
زندگی جب بھی تھکے، یاد وہ منظر آئے،
اور مسافر کا دل پھر سے سفر پر جائے۔

اٹلی کے دریچوں سے

قسط نمبر 1



خوابِ تجدید، میلان کے سنگ وخشت اور بیلا کی آغوش

روم کے عالمگیر شہرت یافتہ تریوی فوارے (FountainTrevi) کی مرمریں منڈیر پر گزری وہ مسحور کن اور پُراسرار شام، آج بھی میرے حافظے کی لوح پر کسی تازہ روغنی تصویر کی طرح روشن اور تابندہ تھی۔ وہ سال ۲۲۰۲ء کی ایک زریں اور ملائم شام تھی، جب سورج کی آخری شعاعیں اطالوی فنِ تعمیر کے شاہکاروں پر سونے کا پانی چھڑک رہی تھیں اور تراشیدہ مجسموں کے مرمریں جسموں سے ڈھلکتا ہوا شفاف وکرسٹلائٹ پانی ایک دلنشین اور روح پرور موسیقی کی صورت زیریں حوض میں گر رہا تھا۔ اس

وقت سفر وحضر کے بااعتماد، نڈر اور دیرینہ رفیقِ کار زاہد زمان قریشی میرے پہلو میں کھڑے تھے اور ہم دونوں ہی اس رومانویت کے سحر میں جکڑے ہوئے تھے۔ وہاں ہم نے اطالیہ کی صدیوں پرانی روایت TossBackhand کی پاسداری کی۔ میں نے فوارے کی سمت پشت کی، اپنے دائیں ہاتھ سے ایک چمکتا ہوا سکہ تھاما اور اپنے بائیں شانے کے اوپر سے اسے نیلگوں پانی کی نذر کرتے ہوئے دل کی گہرائیوں سے التجا کی تھی: "اے تریوی! تو مجھے پھر بلانا۔۔۔ میں لوٹ کر آؤں گا!"

وقت کی ندی اپنی تمام تر بے رحمی اور بے پروائی کے ساتھ بلا رکاوٹ بہتی رہی۔ چار سال کا طویل، صبر آزما اور گراں بار عرصہ سرک گیا، مگر اس مرمریں فوارے کے افسون کا سحر میرے نہاں خانہ دل میں خاموش نہ ہو سکا۔ اور پھر ایک دن، قدرت کی مہربان تدبیر نے اس نہاں تمنا کو دوبارہ بارگاہِ اجابت میں باریابی کا اذن بخشا۔ یہ سفر محض چند سو یا ہزاروں میل کے فاصلوں کی سائنسی پیمائش نہ تھا، بلکہ یہ ایک قدیم وعدے کی وفا، ایک قلبی لگاؤ اور ایک نادیدہ جذباتی ناتے کی تجدید کا ایک شاندار اور پرشکوہ ذریعہ تھا۔

اسلام آباد کے جدید اور وسیع و عریض ائیرپورٹ کے چمکتے ہوئے دالان میں جب قدم رکھا، تو دل میں مسرت اور خدشات کی ایک عجیب آمیزش تھی۔ 'جناح ایئر' کے طیارے کے اندر داخل ہو کر اپنی نشست سنبھالی۔ جیسے ہی جہاز نے رنوے پر دوڑتے ہوئے پرواز کا آغاز کیا، کھڑکی سے باہر وطنِ عزیز کے پرسکون، شاداب اور مانوس مناظر رفتہ رفتہ دھندلاتے چلے گئے اور ایک اجنبی سفر کا دیباچہ رقم ہونے لگا۔ مختصر اور باوقار پرواز کے بعد طیارہ شارجہ ائیرپورٹ کی تپتی، بوجھل مگر انتہائی منظم اور جدت طبع کی حامل سرزمین پر جا اترا۔

شارجہ پہنچ کر معلوم ہوا کہ یہاں آٹھ گھنٹوں کا طویل ترانزٹ (Transit) میرا منتظر تھا۔ عام حالات میں آٹھ گھنٹے کسی مسافر کے لیے ساہوکار کی قسط کی طرح بھاری اور اکتا دینے والے ہوتے ہیں، مگر شارجہ کا ہوائی اڈا محض ایک ریلوے ج نہیں بلکہ شیشے اور فولاد کی جدید ترین تراش خراش، زریں روشنیوں کی فرہادکاری اور زرق برق ڈیوٹی فری دکانوں کی رنگینی کا ایک مسحور کن شیش محل تھا۔ یہاں دنیا کے ہر خطے، ہر رنگ اور ہر نسل سے تعلق رکھنے والے عرب و عجمی مسافروں کا ایک ایسا زرق برق سیلاب رواں دواں تھا کہ نظر ہر زاویے پر ایک نئی بزمِ حیرت دیکھتی تھی۔ وقت وقت کی طرح نہیں بلکہ موم کی طرح نرم ہو کر پگھلتا رہا اور آٹھ گھنٹے یوں گزرے جیسے چند نگاہوں کا ملنا اور جدا ہونا۔ تاہم، سفر کی مشقت اور مسلسل بیداری کی وجہ سے میری آنکھوں میں رت جگا ناچنے لگا تھا اور پلکیں سنگین ہو کر نیند کا خراج مانگ رہی تھیں۔

آٹھ گھنٹوں کے اس جاگتے سحر اور نیم غنودگی کے بعد، بالآخر 'ایئر عربیہ' کے زرق برق، سرخ وسفید طیارے میں نشست سنبھالنے کا اذن ملا۔ چھ گھنٹوں پر محیط یہ طویل اور جاں گسل پرواز اس پورے سفر کا دوسرا اور انتہائی اہم مرحلہ تھی۔ چونکہ یہ ایک کم لاگت پرواز (FlightBudget) تھی، جہاں دورانِ سفر مفت خورد ونوش کی روایتی میزبانی کا وجود نہیں ہوتا، مگر میرے سفری ایجنٹ کی دور اندیشی اور تجربہ کاری آڑے آئی۔ اس نے ٹکٹ کی بکنگ کے وقت ہی پیشگی ادائی کر کے میرے لیے ایک گرم اور تازہ 'چکن سینڈوچ' کا بندوبست کر رکھا تھا۔ طویل فضائی بوجھ کے درمیان اس سادہ مگر بروقت طعام نے مجھے بھوک کی کلفت اور نقاہت سے بڑی حد تک محفوظ رکھا۔

طیارے کی نیلگوں کھڑکی سے باہر کا منظر کسی مصور کے خواب جیسا تھا۔ بادلوں کا ایک بحرِ بے کنار پھیلا ہوا تھا اور اوپر ہیرے جیسا چمکتا، گہرا نیلا آسمان مسکرا رہا تھا۔ انہی دلکش نظاروں میں گم، چھ گھنٹے کی مسافت تمام ہوئی اور طیارے کے پہیوں نے اٹلی کی تاریخی اور خوبصورت سرزمین پر واقع میلان برگامو ائیرپورٹ (AirportBergamo) کے رنوے کو مس کیا۔

ائیرپورٹ کے احاطے اور امیگریشن کے مراحل سے فارغ ہو کر جیسے ہی میں باہر کی ٹھنڈی ہوا میں نکلا، میں نے ایک شٹل بس کا رخ کیا جو مسافروں کو میلان شہر کی طرف لے جانے کے لیے تیار کھڑی تھی۔ کچھ ہی دیر میں یہ بس اطالیہ کے صنعتی، مالیاتی اور دنیا بھر میں فیشن کے عالمی مرکز یعنی میلان سینٹرل ریلوے اسٹیشن (Milano Centrale) کے ہیبت ناک اور پرشکوہ پیش عقب میں جا رکی۔

بس سے اترتے ہی میلان سینٹرل کی عظیم الشان، صدیوں پرانی عمارت نے مجھے پہلی ہی نظر میں ورطہِ حیرت اور ہیبت میں ڈال دیا۔ سنگی دیواروں پر تراشیدہ گوتھک فنِ تعمیر کے باریک نقش و نگار، بلند و بالا مرمریں محرابیں اور کلاسیکی گنبد ماضی کی عظمت، رومی جاہ وجلال اور یورپ کی پرشکوہ تاریخ کا قصہ سنا رہے تھے۔ اس تاریخی اسٹیشن کے کشادہ اور بھیڑ بھاڑ والے دالان میں قدم رکھتے ہی میں نے ایک بنگالی بھائی کے چھوٹے سے اسٹال کا رخ کیا، جہاں سے معقول قیمت میں ایک مقامی اطالوی سم کارڈ خریدا۔ جیسے ہی موبائل میں روانی آئی اور ڈیوائس نے سگنل پکڑے، میں نے بغیر کسی تاخیر کے اپنے دیارِ فرنگ میں موجود دیرینہ دوست ضیا شام کو پیغام بھیج کر اپنی خیر وعافیت اور اطالیہ میں آمد سے مطلع کیا، اور یوں اس نئے سفر کی داستان کا باقاعدہ آغاز ہو گیا۔

جاری ہے۔

بقیہ 1

مرحومہ مہر النساء کی تعلیمی وتدریسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ان کے نام سے منسوب کی گئی تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ بطور مہمانِ خصوصی، وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر عبدالرزاق صابر، ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان، ڈپٹی کمشنر گوادر نجیب اللہ کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر ڈاہد حسین سمیت اساتذہ کرام، اسکول پرنسپلز، سیاسی وسماجی شخصیات اور طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور ان کا احترام معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر میں گزشتہ دس سال سے عالمی یوم اساتذہ کی تقریبات کا مسلسل انعقاد اساتذہ کی خدمات کے اعتراف اور ان کی حوصلہ افزائی کی ایک مثبت روایت ہے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ قلم سے زیادہ طاقتور کوئی چیز نہیں، طلبہ وطالبات کو چاہیے کہ وہ تعلیم اور قلم کی طاقت سے اپنے حقوق کی جنگ لڑیں، نہ کہ کسی دوسرے راستے کا انتخاب کریں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں جن اقوام نے ترقی اور کامیابی حاصل کی، انہوں نے تعلیم کو ترجیح دی اور اپنے تعلیمی نظام کو مضبوط بنایا انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ وطالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کی کاؤنسلنگ اور رہنمائی بھی کریں، تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں، دلچسپیوں اور رجحانات کو سمجھتے ہوئے مستقبل کے لیے درست راستے کا انتخاب کر سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری، خستہ حال اسکولوں کی بحالی اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے ترقیاتی وسائل اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مختلف اقدامات جاری ہیں رکن صوبائی اسمبلی نے بتایا کہ دورانِ سروس وفات پانے والے اساتذہ کے لواحقین کے ان سروس ڈیتھ کوٹہ سے متعلق درخواستوں پر کارروائی مکمل کر لی گئی ہے اور ان کے تقرری کے احکامات رواں ماہ جاری کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کو تعلیمی میدان میں مزید آگے لے جانے کے لیے اساتذہ، طلبہ، والدین، عوامی نمائندوں اور انتظامیہ کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر عبدالرزاق صابر نے اپنے خطاب میں کہا کہ معیاری تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے اور اس مقصد کے حصول میں استاد کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے

بقیہ 2

کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ صورتحال، کام کی رفتار، درپیش مسائل اور منصوبوں کی بروقت تکمیل سے متعلق امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری تمام نامکمل ترقیاتی اسکیمات کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام جاری منصوبوں کی مسلسل نگرانی، موثر رابطہ کاری اور عملی پیش رفت کو یقینی بنایا جائے تاکہ ترقیاتی عمل میں غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ ہو

بقیہ 3

پر ماموراہلکار معمول کے مطابق گشت کر رہے تھے کہ دوران گشت انہوں نے ریلوے ٹریک کے بعض حصوں میں غیر معمولی صورتحال کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ریلوے اہلکاروں نے فوری طور پر متعلقہ حکام کو اطلاع دی، جس پر کارروائی کرتے ہوئے جائے وقوعہ سے ایک ملزم ظہیر احمد ولد مولا بخش کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم کے قبضے سے ریلوے پٹری کے نٹ، کلپس اور دیگر اتارا گیا سامان بھی برآمد کر لیا گیا۔ شاہد رند کے مطابق ابتدائی معائنے کے دوران ریلوے ٹریک کے مختلف مقامات پر نٹ اور کلپس کھلے ہوئے پائے گئے، جس سے پٹڑی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کا انکشاف ہوا۔ واقعے کے بعد ریلوے ٹریک کا تفصیلی معائنہ بھی کیا گیا تاکہ ٹرینوں کی آمدورفت اور مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے انہوں نے بتایا کہ واقعے کا مقدمہ تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ میں ایف آئی آر نمبر 183/2026 کے تحت درج کر لیا گیا

بقیہ 4

کر دیا گیا ہے۔ اس سیل کا بنیادی مقصد دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے امیدواروں کو داخلہ پورٹل کے ذریعے آن لائن فارم جمع کرانے کے عمل میں ضروری راہنمائی اور تکنیکی معاونت فراہم کرنا ہے۔ جامعہ تربت کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق، آن لائن داخلہ فارم جمع کراتے وقت اگر کسی امیدوار کو محدود انٹرنیٹ یا کسی بھی قسم کی تکنیکی دشواری کا سامنا ہو، تو وہ اپنی تمام تعلیمی اسناد اور مطلوبہ کوائف کے ہمراہ سٹی کیمپس (شعبہ لاء) تشریف لا کر داخلہ سیل کے عملے سے رابطہ کریں۔ واضح رہے کہ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 اکتوبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ مزید معلومات کے لئے فون نمبر 4005390852 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 5

، اساتذہ، والدین اور خصوصاً خواتین پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ نئی نسل کی دینی، اخلاقی، فکری اور تعلیمی تربیت پر خصوصی توجہ دیں۔ نوجوان نسل کو اپنے اسلاف کی قربانیوں، اسلامی تاریخ، قومی جدوجہد اور آئینی شعور سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دراشاں انھوں نے مسلم باغ گرلز کالج میں یوم اساتذہ کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ یوم اساتذہ کے موقع پر ہم سب سے پہلے خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں، جنہیں اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی تعلیم و تربیت کے لیے معلم بنا کر مبعوث فرمایا۔ آپ ﷺ نے علم، اخلاق، کردار، عدل، برداشت اور انسانیت کی خدمت کے ذریعے ایسی نسل تیار فرمائی جس نے دنیا کی تاریخ کا رخ بدل دیا۔ اس لیے ایک استاد کے لیے سب سے بہترین نمونہ خود نبی کریم ﷺ کی تعلیم و تربیت کا اسلوب ہے۔ انہوں نے کہا کہ استاد محض کتاب پڑھانے والا نہیں بلکہ قوم کے مستقبل کا معمار اور نسلوں کے کردار کا تربیت کار ہوتا ہے۔ ایک اچھا استاد اپنے شاگرد کو صرف نصابی علم نہیں دیتا بلکہ اس کے اندر دیانت، نظم وضبط، احساسِ ذمہ داری، برداشت، تحقیق، اخلاق اور معاشرے کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کا شعور بھی پیدا کرتا ہے۔ آج جب نوجوان نسل کو جدید ٹیکنالوجی، سوشل میڈیا اور مختلف فکری وتہذیبی چیلنجز کا سامنا ہے، اساتذہ کی ذمہ داری پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ تعلیمی اداروں کو علم کے ساتھ کردار، اخلاق، دینی شعور، تحقیق اور قومی ذمہ داری کا احساس پیدا کرنے کا مرکز بنانا ہوگا۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ اسلام نے عورت کو عزت، تعلیم اور معاشرے کی تعمیر میں بنیادی کردار عطا کیا ہے۔ آج کے پرفتن دور میں اسلامی اقدار، حیا، پردہ اور خاندانی نظام کے تحفظ میں ایک تعلیم یافتہ، باکردار اور باصلاحیت ماں کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ ماں صرف اپنے بچوں کی پرورش نہیں کرتی بلکہ پورے خاندان کی فکری، اخلاقی اور تربیتی بنیاد مضبوط کرتی ہے۔ اس لیے خواتین کی تعلیم درحقیقت صرف ایک فرد کی تعلیم نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کی تعلیم وتربیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عورت ایک بہترین معلم، ڈاکٹر، انجینئر، محقق، منتظم اور معاشرے کی مؤثر رکن بن سکتی ہے

بقیہ 6

اداروں نے بائی پاس کے قریب مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی منشیات اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنا دی اور 2 اہم سرغنہ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انچارج سی آئی اے جیکب آباد عمر دین بنگلانی کی سربراہی میں پولیس اور حساس اداروں نے خفیہ اطلاع ملنے پر بائی پاس پکٹ نمبر 04 کے قریب ناکہ بندی کی اور مشکوک شاز ور گاڑی (رجسٹریشن نمبر PAF-300) کو روک کر تلاشی لی۔ تلاشی کے دوران گاڑی میں مہارت سے چھپائی گئی 32 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد ہوئی، جس پر فوری طور پر گاڑی کو تحویل میں لے کر اس میں سوار دو ملزمان محمد حنیف ولد محمد نور بروہی (سکنہ قلات) اور نجیب اللہ ولد احمد جان کاکڑ (سکنہ کوئٹہ) کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان جیکب آباد پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کا تعلق بین الصوبائی گروہ سے ہے جو منشیات کی بھاری مقدار بلوچستان سے سندھ کے مختلف شہروں میں اسمگل کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔

بقیہ 7

میں الجھنا ملکی مفاد میں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں کو اپنی اپنی سیاسی پوزیشن سے بالاتر ہو کر ملک وقوم کے وسیع تر مفاد کو مقدم رکھنا ہوگا۔ سیاسی اختلاف جمہوری نظام کا حصہ ہے، تاہم اختلافات کو ذاتی انا، ضد اور محاذ آرائی کی شکل دینا ملک کو مزید بحرانوں کی طرف لے جا سکتا ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ موجودہ حالات میں سیاسی قوتوں کے درمیان مذاکرات اور افہام و تفہیم کا راستہ اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تمام معاملات کو آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کے مطابق مذاکرات کی میز پر حل کیا جائے

بقیہ 8

ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں DSP اوتھل سید راحق علی شاہ، ضلع بھر کے مختلف دینی مدارس اور مکاتب کے مہتمم صاحبان اور اساتذہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلام پاک سے کیا گیا۔ اس موقع پر ضلع میں قائم دینی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن کے عمل کو شفاف، آسان اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت دینی مدارس کی دینی، اخلاقی اور تعلیمی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

بقیہ 9

معیار اور سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا مختلف دکانداروں پر جرمانے عائد، تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے مختلف دکانوں، کریانہ، میڈیکل اسٹور، سبزی فروشوں اور گوشت کی دکانوں کا معائنہ کیا اور دکانداروں سے اشیاء کی قیمتوں، نرخنامے اور معیار کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ انکے ہمراہ ریونیو کا عملہ رنجاوز خان ڈومکی، عابد پلال، گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ صحافی نورحسن جمالی بھی موجود تھے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو مقررہ سرکاری نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی یا عوام سے زائد قیمت وصول کرنے سے گریز کیا جائے۔ دورے کے دوران مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والے بعض دکانداروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے جرمانے بھی عائد کیے گئے

بقیہ 10

سے حب میں متعدد عوامی مفادات اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور جاری حب ماسٹر پلان کے منصوبوں پر عملدرآمد میں تیزی کے ساتھ ساتھ دربیجی میں سیاسی سرگرمیوں اور عوامی رابطوں میں تیزی کے بعد سردار اختر مینگل کی سیاسی فعالیت، مختلف سیاسی وقبائلی شخصیات کی متحرک موجودگی اور دربیجی میں آزادی پسند گروہوں یا ان سے منسلک عناصر کی مبینہ سرگرمیوں کی اطلاعات نے سیاسی حلقوں میں کئی نئے سوالات کو جنم دیا ہے۔ موجودہ حالات میں بلوچستان کی وسیع تر سیاست، قبائلی اثر ورسوخ، مقامی سیاسی مراکز اور مختلف قوتوں کے درمیان ممکنہ صف بندی بھی اہمیت اختیار کرتی دکھائی دے رہی ہے، جبکہ دربیجی اس بدلتے سیاسی منظرنامے میں نمایاں حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ میر علی حسن زہری نے حالیہ عرصے کے دوران ضلع حب، بالخصوص دربیجی میں اپنی سیاسی سرگرمیوں میں اضافہ کیا ہے۔ سیاسی اجتماعات، شمولیتی پروگراموں اور مقامی آبادی سے رابطوں کے ذریعے پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاسی موجودگی کو مضبوط بنانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ستمبر 2026 میں دربیجی کے علاقے بہلور میں پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام ایک شمولیتی جلسہ بھی منعقد ہوا، جس میں مقامی سیاسی وسماجی شخصیات اور کارکنوں نے پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر میر علی حسن زہری نے دربیجی میں پارٹی کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ یہ سرگرمیاں ایسے وقت میں سامنے آئی ہیں جب میر علی حسن زہری ضلع حب کی سیاست میں اپنی موجودگی اور سیاسی اثر ورسوخ کو وسعت دینے پر توجہ دے رہے ہیں

بقیہ 11

تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے اساتذہ کو معاشرے کا معمار قرار دیتے ہوئے کہا کہ علم، تربیت اور کردار سازی کے ذریعے نئی نسل کی رہنمائی کرنے والے اساتذہ ہی قوموں کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر میر ارشد حسین جمالی نے اپنے ذاتی تجربات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ خود بھی ماضی میں معلم کے مقدس پیشے سے وابستہ رہ چکے ہیں، اس لیے وہ اس شعبے کی ذمہ داریوں، مشکلات اور حقیقی اہمیت سے بخوبی واقف ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج وہ جس مقام پر بھی خدمات انجام دے رہے ہیں، اس میں ان کے اساتذہ کی محنت، تربیت اور مسلسل رہنمائی کا بنیادی کردار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ استاد محض کتابی علم منتقل کرنے تک محدود نہیں رہتا بلکہ وہ طلبہ کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت، شعور کی بیداری اور مثبت سوچ کو پروان چڑھاتا ہے۔

بقیہ 12

نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ میں دھماکہ خیز مواد سے متعلق مختلف امور، لائسنسز کے اجراء وتجدید، متعلقہ مقامات کے حفاظتی انتظامات اور دیگر قانونی و انتظامی معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے کمیٹی کو مختلف درخواستوں، کیسز اور متعلقہ ریکارڈ کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں دھماکہ خیز مواد کے استعمال، ذخیرہ کرنے اور نقل وحمل سے متعلق مقررہ قوانین اور حفاظتی ضوابط پر عملدرآمد کو بھی زیرِ غور لایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام کیسز کا قانون اور قواعد وضوابط کے مطابق باریک بینی سے جائزہ لیا جائے

بقیہ 13

، ٹول ٹیکس اور دیگر مسائل کے باعث ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل کا فوری نوٹس لے اور ان کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ ملکی معیشت اور عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، تاہم مسلسل بڑھتے ہوئے اخراجات نے ٹرانسپورٹرز کیلئے کاروبار جاری رکھنا مشکل بنا دیا ہے۔ ڈیزل، گاڑیوں کے پرزہ جات، ٹائرز، مرمت اور دیگر اخراجات میں اضافے کے باعث ٹرانسپورٹرز شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ دوسری جانب مسافروں کی مالی مشکلات کے پیش نظر کرایوں میں اضافہ بھی آسان نہیں۔ انھوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کا اہم حصہ ہیں اور ہزاروں خاندانوں کا روزگار اس شعبے سے وابستہ ہے۔ حکومت ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں سے بامقصد مذاکرات کرے اور مسائل کے مستقل حل کیلئے جامع پالیسی تشکیل دے۔

بقیہ 14

شہر کے مختلف علاقوں میں وزن میں کمی اور مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والے تندوروں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ اس سلسلے میں مشرقی بائی پاس، سب ڈویژن سریاب، سیٹلائٹ ٹاؤن اور سب ڈویژن سٹی کے مختلف علاقوں میں پرائس کنٹرول کارروائیاں کی گئیں، جہاں مقررہ وزن سے کم روٹی فراہم کرنے والے تندور مالکان اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ان کارروائیوں کے دوران 22 افراد کو گرفتار کر کے مزید قانونی کارروائی کے لیے جیل منتقل کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر مقررہ وزن کی روٹی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے گا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 15

صدارت ای پی آئی پروگرام اور ڈیسمینیٹرز کے ماہانہ کارکردگی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈویژنل پولیو آفیسر ڈاکٹر حنیف لونی، ڈی ایس وی گل نواز خان ناصر، اے ایس وی عادل الیاس، ایم این ای سعید رفیع اللہ شاہ، لیڈی ڈیسمینیٹرز اور میل ڈیسمینیٹرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ضلع کے مختلف یونین کونسلز اور شہری علاقوں کے انچارجز نے اپنی ماہانہ کارکردگی، ڈیسمینیشن کوریج اور متعلقہ علاقوں کی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی رپورٹس پیش کیں، جبکہ آئندہ کی حکمتِ عملی اور ڈیسمینیشن سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تجاویز بھی اجلاس کے سامنے رکھیں اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت کے تمام افسران واہلکار اپنی حاضری اور ذمہ داریوں کو یقینی بنائیں، فرائض میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام ڈیسمینیٹرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں اور یونین کونسلز کے بارے میں مکمل معلومات اور زمینی صورتحال سے باخبر رہیں

بقیہ 16

طلبہ وطالبات، پرنسپل، اساتذہ کرام اور دیگر متعلقہ افراد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا مقصد اساتذہ کی خدمات، ان کی محنت، رہنمائی اور معاشرے کی تعمیر وترقی میں ان کے بنیادی کردار کو اجاگر کرنا تھا تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت مولوی عبدالرحمان نے حاصل کی۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد طلبہ وطالبات نے عالمی یوم اساتذہ کی مناسبت سے مختلف پروگرام پیش کیے، جن میں تقاریر، ڈرامے اور مختلف ٹیبلوز شامل تھے۔ طلبہ نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے اساتذہ کرام کی عظمت، احترام، شفقت، محنت اور تعلیمی و تربیتی خدمات کو خوبصورت انداز میں اجاگر کیا۔ طلبہ کی جانب سے پیش کیے گئے مختلف پروگرامز میں اس بات کو نمایاں کیا گیا کہ استاد محض کتابی علم منتقل کرنے والا فرد نہیں بلکہ وہ طلبہ کی شخصیت سازی، کردار سازی، اخلاقی تربیت اور مستقبل کی سمت متعین کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ طلبہ کے مختلف ٹیبلوز اور ڈراموں میں استاد اور شاگرد کے باہمی احترام، استاد کی محنت اور تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا، جنہیں تقریب میں موجود شرکاء نے بھرپور سراہا اور طلبہ کی صلاحیتوں کی تعریف کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل محمد عارف اور دیگر اساتذہ کرام نے کہا کہ استاد کسی بھی معاشرے کی تعمیر وترقی میں بنیادی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایک اچھا استاد اپنے شاگردوں کو صرف نصابی تعلیم تک محدود نہیں رکھتا بلکہ ان کی اخلاقی تربیت، شخصیت سازی اور کردار کی تعمیر کے ذریعے انہیں معاشرے کا ذمہ دار، باکردار اور مفید شہری بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے

بقیہ 17

کتابیں پڑھانے والا شخص نہیں بلکہ وہ رہنما ہے جو نئی نسل کو علم کے ساتھ شعور، کردار، اخلاق اور زندگی کے نشیب وفراز کا سامنا کرنے کا حوصلہ دیتا ہے۔ ایک استاد کی محنت کا صلہ شاید فوری طور پر دکھائی نہ دے، لیکن اس کے تربیت یافتہ شاگرد جب معاشرے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں تو استاد کی محنت نسلوں تک اپنا اثر دکھاتی ہے انہوں نے کہا کہ دنیا میں ترقی کرنے والی قوموں نے ہمیشہ تعلیم اور اساتذہ کو بنیادی اہمیت دی ہے۔ مضبوط تعلیمی نظام، باصلاحیت اساتذہ اور باکردار طلبہ ہی ایک مضبوط، مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی ضمانت ہیں

بقیہ 18

عظیم شخصیت ہے جو نئی نسل کو علم کی روشنی سے منور کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی اور بہتر مستقبل کی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے انہوں نے کہا کہ قوموں کی ترقی اور خوشحالی کا راز معیاری تعلیم اور مخلص وقابل اساتذہ کی محنت میں پوشیدہ ہے۔ اساتذہ کرام اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا کر معاشرے کو باشعور، تعلیم یافتہ اور ذمہ دار افراد فراہم کرتے ہیں حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تعلیمی نظام کو مزید مضبوط بنانا اور اساتذہ کو درپیش مسائل کا حل یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے

بقیہ 19

اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام متعلقہ تحصیلداران، نائب تحصیلداران، پٹواریوں اور دیگر متعلقہ اہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ میں ریونیو ٹیکسز اور زرعی انکم ٹیکس کی موجودہ صورتحال، وصولی کے اہداف، بقایاجات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق نے متعلقہ افسران واہلکاران کو ہدایت کی کہ زرعی انکم ٹیکس اور دیگر سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے، ریکارڈ کو مکمل اور درست رکھا جائے جبکہ ٹیکس دہندگان کے ریکارڈ کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ریونیو ریکارڈ میں شفافیت اور درستگی کو یقینی بنایا جائے

بقیہ 20

موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے جبکہ صحبت پور پولیس تھانہ شہید ملک محمد گوٹھ خانو مور کے مقام پر گزشتہ شب تین نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر بیٹر کے شکار پر بیٹھے ہوئے چار شکاریوں کو زدوکوب کر کے ان سے نقدی موبائل فون جالیں اور دو سو بیٹر چھین کر فرار ہو گئے تشدد کا شکار شکاری پولیس تھانے پہنچ کر پولیس کو اطلاع دی جس پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 21

خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ایران جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے 11ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں حاجی رفوگل بزنج، نوید یوسف راجپوت، ولی محمد نورزئی، جاوید پراچہ، محترمہ شرمین یونس، فرازنہ اور عطاء اللہ مینگل سمیت چیمبر آف سمال انڈسٹریز کے عہدیداران اور اراکین نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیمبر آف سمال کامرس اینڈ انڈسٹریز کی جانب سے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو گولڈ میڈل پہنایا گیا۔ گورنر مندوخیل نے پاک ایران جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سالانہ جنرل اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت اور وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان تاجر اور صنعتکار دوست ہیں۔ اگر تاجر برادری سنجیدہ اور قابل عمل تجاویز پیش کرے تو حکومت ان پر فوری اقدامات کریگی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی سطح پر ورکنگ ریلیشنز مزید بہتر بنائے جائیں گے اور پاکستان ایران باہمی تجارت کے فروغ کیلئے ہر سطح پر سہولیات فراہم کی جائینگی لہذا ضروری ہے کہ تمام تاجر وصنعتکار آپس میں باہمی روابط بڑھا کر ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر اکھٹے ہو جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی حجم کو 10 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف ہے جس کی خاطر دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط، سرحدی تجارت اور کاروباری سہولیات کو مزید بہتر بنانا ضروری ہے۔

بقیہ 22

مستقبل کی تعمیر میں اساتذہ کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے، اس لیے معاشرے میں استاد کو وہ عزت، مقام اور تحفظ ملنا چاہیے جس کا وہ حق دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو قوم اپنے اساتذہ کو عزت دیتی ہے، وہ اپنے مستقبل کو عزت دیتی ہے۔ عظمی عمران نیکما کہ افسوس کہ ہمارے معاشرے میں استاد کو درپیش معاشی مشکلات، محدود وسائل، تعلیمی اداروں کے مسائل اور پیشہ ورانہ دباؤ نے اس مقدس شعبے کو متاثر کیا ہے۔ اساتذہ کو محض یوم اساتذہ پر خراج تحسین پیش کرنا کافی نہیں، بلکہ ان کے مسائل کے حل اور باوقار زندگی کی ضمانت کے لیے عملی اقدامات ضروری ہیں۔ ثمینہ سعید نے کہا کہ استاد کی عزت صرف الفاظ اور تقریبات تک محدود نہیں ہونی چاہیے

بقیہ 23

ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی آفس میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے میونسپل سروسز انیشی ایٹو 2026 کے تحت لوکل گورنمنٹ اداروں کو جدید مشینری کی فراہمی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ صوبائی وزراء ، اراکین اسمبلی سمیت چیف سیکرٹری بلوچستان اور محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے لوکل گورنمنٹ نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے منصوبے کی خصوصیات پر روشنی ڈالی۔ صوبائی مشیر بلدیات ودیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا ہے کہ حکومت کی کارکردگی کا اصل معیار اعلانات نہیں بلکہ عوام کو فراہم کی جانے والی عملی سہولیات ہیں، شہریوں کو صاف ستھرے ماحول، مؤثر نکاسی آب، بہتر صفائی اور فعال بلدیاتی اداروں کی صورت میں حکومتی اقدامات کے ثمرات نظر آنے چاہئیں انھوں نے کہا کہ میونسپل سروسز انیشی ایٹو کے تحت مشینری وآلات کی فراہمی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی مشیر نے کہا کہ اس اقدام کی اہمیت صرف مشینری اور آلات کی فراہمی تک محدود نہیں بلکہ اس کا بنیادی مقصد بلدیاتی اداروں کو ضروری وسائل اور استعداد فراہم کرنا ہے تاکہ وہ عوامی خدمات مؤثر انداز میں انجام دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ کئی برسوں سے متعدد میونسپل ادارے محدود وسائل، کم استعداد اور ناکافی مشینری کے باوجود بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی کی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں، اگر ہم اداروں سے بہتر کارکردگی کی توقع رکھتے ہیں تو انہیں بہتر وسائل بھی فراہم کرنا ہوں گے۔

بقیہ 24

پانچ روزہ دفتری ہفتے کی بنیاد پر سرکاری دفاتر کے اوقات کار درج ذیل ہوں گے۔ پیر تا جمعرات کو صبح 08:30 بجے سے شام 04:00 بجے تک، جبکہ دوپہر 01:30 بجے سے 02:00 بجے تک نماز اور کھانے کا وقفہ ہوگا۔ جمعہ کو صبح 08:30 بجے سے دوپہر 03:30 بجے تک، جبکہ 01:15 بجے سے 02:15 بجے تک نمازِ جمعہ اور کھانے کا وقفہ ہوگا اسی طرح ہفتہ اور اتوار کو دفاتر بند رہیں گے۔ اعلامیے کے مطابق مذکورہ اوقات کار ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں، جن میں یونیورسٹیاں، کالجز اور اسکول شامل ہیں، پر لاگو نہیں ہوں گے۔ تاہم محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے منسلک دفاتر چھ روزہ دفتری ہفتے کی بنیاد پر صبح 08:30 بجے سے دوپہر 02:30 بجے تک، جبکہ جمعہ کے روز صبح 08:30 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک کھلے رہیں گے۔

بقیہ 25

نعرے لگاتے ہوئے پریس کلب کے سامنے دھرنا دے کر روڈ بلاک کر دیا۔ جے یو آئی ضلع جیکب آباد کے امیر ڈاکٹر اے جی انصاری، ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا سلیم اللہ بروہی، عبدالقادر چنا، ڈاکٹر خلیل احمد کھوسو، حاجی محمد عباس بلوچ، مولانا تاج محمد بھٹی، میر حسن برڑو اور دیگر رہنماؤں نے مفتی عبدالشکور کھوسو پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بزدلانہ حملہ ناقابلِ قبول ہے۔ اعلیٰ حکام واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تمام ملزمان کو فی الفور گرفتار کر کے قانون کے حوالے کریں، بص

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن یوم اساتذہ کے موقع تقریب میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالوں میں شیلڈ تقسیم کررہے ہیں

اساتذہ قوم کے معمار ہیں احترام معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے

ہدایت الرحمٰن بلوچ

قلم سے زیادہ طاقتور کوئی چیز نہیں، طلبہ و طالبات تعلیم اور قلم کی طاقت سے اپنے حقوق کی جنگ لڑیں، نہ کہ کسی دوسرے راستے کا انتخاب کریں

دنیا میں جن اقوام نے ترقی اور کامیابی حاصل کی انہوں نے تعلیم کو ترجیح دی اور اپنے تعلیمی نظام کو مضبوط بنایا

گوادر (خ ن) محکمہ تعلیم اور ضلعی انتظامیہ گوادر کے زیرِ اہتمام اور یوسیف کے تعاون سے عالمی یومِ اساتذہ کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول گوادر میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس سال کی تقریب گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول پسنی کی سابق استانی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں محکمہ کھیل سے متعلق سوالات دریافت اور انکے جوابات دیئے جائیں گے

کوئٹہ، لورکاریز میں ریلوے پٹڑی کو نقصان پہنچانے کی کوشش ناکام

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے لورکاریز میں ریلوے پٹڑی کو نقصان پہنچانے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے پولیس نے جائے وقوعہ سے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم کے قبضے سے ریلوے پٹڑی سے اتارا گیا سامان بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ واقعے کا مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی گئی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے بتایا کہ پیر کی شام لورکاریز کے مقام پر ریلوے پٹڑی کی دیکھ بھال (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

ناکمل ترقیاتی اسکیمات کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، یاسر اقبال دشتی

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا. جس میں بی ایس ڈی آئی کے فیز 1، فیز 2 اور فیز 3 کے تحت جاری اور نامکمل ترقیاتی اسکیمات کی پیش رفت (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت چار روزہ تربیتی سیشن کے دوران طالبات کو لیکچر دیا جارہا ہے

جامعہ تربت یونیورسٹی سٹی کیمپس (شعبہ لاء) میں ایڈمیشن سیل قائم

داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 اکتوبر 2026 مقرر کی گئی ہے

تربت (این این آئی) جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی خصوصی ہدایت پر امیدواروں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے اسپرنگ 2027 کے داخلوں کے سلسلے میں یونیورسٹی کے سٹی کیمپس (شعبہ لاء) میں ایک خصوصی ایڈمیشن سیل قائم (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

گرانفروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ماریہ شمعون

سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

گنداخہ (نورحسن جمالی) اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے گنداخہ شہر کے مختلف بازاروں اور مارکیٹوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں، (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

ضلع حب کی بدلتی سیاسی بساط، دریجی مرکزِ نگاہ بن گیا

دریجی اس بدلتے سیاسی منظرنامے میں نمایاں حیثیت اختیار کرچکا ہے

حب/دریجی (پ ر) ضلع حب کی سیاست میں گزشتہ کچھ عرصے کے دوران ہونے والی تبدیلیوں نے دریجی کو ایک بار پھر سیاسی توجہ کا مرکز بنادیا ہے۔ میر علی حسن زہری کی جانب (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

گورنر جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر بولان یونیورسٹی ڈاکٹر شبیر لہڑی ملاقات کررہے ہیں

اساتذہ کو عزت واحترام دینا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے، ارشد حسین جمالی

نئی نسل کی رہنمائی کرنے والے اساتذہ ہی قوموں کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھتے ہیں

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی میر ارشد حسین جمالی نے عالمی یومِ اساتذہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں اساتذہ کی گرانقدر خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایکسپلوسیو کمیٹی کا اجلاس

تمام کیسز کا قانون اور قواعد وضوابط کے مطابق باریک بینی سے جائزہ لیا جائے، مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایکسپلوسیو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سمیت متعلقہ محکموں کے افسران (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی، نوابزادہ امیر حمزہ زہری ودیگر بلدیاتی اداروں کو فراہم کردہ جدید مشینری کا جائزہ لے رہے ہیں☆☆☆☆

اساتذہ کسی بھی معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں

نور محمد دمڑ

استاد وہ عظیم شخصیت ہے جو نئی نسل کو علم کی روشنی سے منور کرنے کے ساتھ ساتھ کردار سازی اور بہتر مستقبل کی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے

بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تعلیمی نظام کو مزید مضبوط بنانا اور اساتذہ کو درپیش مسائل کا حل یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے اساتذہ کے خصوصی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اساتذہ کسی بھی معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ استاد وہ (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

تمبو اور صحبت پور چوری ڈکیتی کے واقعات ایک موٹر سائیکل چھین لی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو اور صحبت پور چوری ڈکیتی کے واقعات ایک موٹر سائیکل چھین لی گئی جبکہ بیٹر کے شکاری چوروں کے ہتھے چڑھ گئے نقدی موبائل فون لاوڈ اسپیکر جال بیٹر چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق تمبو بابا کوٹ پولیس تھانے کی حدود میں مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر عبدالرزاق کھوسو سے موٹر سائیکل نقدی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

کک باکسنگ ایسوسی ایشن ڈسٹرکٹ پشین کے انتخابات 11 اکتوبر کو ہوں گے

پشین (این این آئی) کک باکسنگ ایسوسی ایشن ڈسٹرکٹ پشین کے انتخابات 11 اکتوبر بروز اتوار صبح 10 بجے سوشل ویلفیئر آفس پشین میں منعقد ہوں گے۔

زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے، حافظ محمد طارق

ریکارڈ کو مکمل اور درست اور ٹیکس دہندگان کے ریکارڈ کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جائے

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی زیرِ صدارت ریونیو ٹیکسز اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی، ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور متعلقہ امور کے حوالے سے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر قلعہ سیف اللہ کے دورے کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے بعد دعا کررہے ہیں

تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کی بنیاد ہے، ثمینہ سعید

قوموں کی تقدیر بدلنے والے معمارِ قوم کو عزت دو، استاد کی توقیر کے بغیر ترقی کا خواب ادھورا ہے

لاہور (پ ر) قائم مقام سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ثمینہ سعید، صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید، صدر لاہور عظمیٰ عمران نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ملک بھر کے اساتذہ کو سلام اور خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد صرف کتاب کا علم منتقل نہیں کرتا بلکہ نسلوں کی فکری، اخلاقی اور کردار سازی کرتا ہے۔ قوم کے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی حجم کو 10 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف ہے، گورنر

حکومت تاجروں اور صنعتکاروں کو ایران اور وسطی ایشیائی ممالک کی معاشی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے کیلئے کوئٹہ سے فضائی رابطوں اور پروازوں کی تعداد بڑھانے کیلئے پُرعزم ہے

پاکستان ایران باہمی تجارت کے فروغ کیلئے ہر سطح پر سہولیات فراہم کی جائیگی، تمام تاجر وصنعتکار آپس میں باہمی روابط بڑھا کر ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر اکٹھے ہوجائیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ہم وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہمارے مطالبے پر کوئٹہ سے جدہ، کوئٹہ سے ایران، تربت اور گوادر کیلئے پروازیں فوری طور پر شروع کرنے کی ہدایت کی۔ حکومت تاجروں اور صنعتکاروں کو ایران اور وسطی ایشیائی ممالک کی معاشی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے کیلئے کوئٹہ سے فضائی رابطوں اور پروازوں کی تعداد بڑھانے کیلئے پرعزم ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ انہوں نے سبکدوش کابینہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے نئی کابینہ کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد بھی پیش کی۔ ان (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆